نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت کا تحقیقاتی پروگرام خریف 2023 کی منظوری کے لئے زراعت ہاؤس لاہور میں اجلاس کا انعقاد

فصلوں کی نئی اقسام کی دریافت پر ریسرچ کی جارہی ہے،ڈاکٹر اشتیاق حسن ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ایڈاپٹو ریسرچ

لاہور: **2 مارچ2023** محکمہ زراعت کے زرعی فارمز پر نئی اقسام کی دریافت پر ریسرچ کی جارہی ہے جس سے کاشتکاروں کے منافع میں اضافہ اوراُن کی پیداواری لاگت میں کمی لائی جاسکے گی ان خیالات کا اظہار ڈاکٹر اشتیاق حسن ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل ایڈاپٹو ریسرچ پنجاب نے زراعت ہاؤس لاہور میں شعبہ اڈاپٹو ریسرچ کے سالانہ تحقیقاتی پروگرام برائے خریف 2023 کی منظوری کے لئے منعقدہ اجلاس کی صدارت کے دوران کیا۔اجلاس میں کپاس، دھان ودیگر خریف فصلات کے متعلق فارم کی سطح پر مفصّل بحث ہوئی اور زرعی سائنسداں کی تجاویز کی روشنی میں زرعی فارمز پر تحقیقاتی پروگرام برائے خریف 2023 کی منظوری دی گئی۔مزید برآں جدید پیداواری ٹیکنالوجی کے مطابق نئی اقسام کی دریافت اورزیادہ پیداوار پر زور دیا گیا۔میٹنگ میں اس بات پر غور کیا گیا کہ موسمی حالات کی وجہ سے فصلوں کے زونز اورعلاقوں میں جو بڑی تبدیلی آئی ہے اس کے مطابق ریسرچ کی منصوبہ بندی کی جائے جو آئندہ سالوں میں بدلتے ہوئے موسمی حالات کے موافق ہوں اور بہتر پیداوار دیں تاکہ کاشتکار کے منافع میں اضافہ ہو۔اجلاس میں زرعی سائنسدانوں پر زور دیا گیا کہ زرعی برآمدات کو بڑھانے کیلئے بھی مخصوص ریسرچ پراجیکٹس بھی شروع کیے جائیں۔ اجلاس میں ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد، مرکزی تحقیقاتی ادارہ برائے کپاس ملتان، تحقیقاتی ادارہ برائے زرعی مشینری ملتان ودیگر متعلقہ اداروں سے اڈاپٹو ریسرچ کے زرعی ماہرین نے شرکت کی۔

☆☆☆☆